★★★ آب ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل خمیر

روزنامہ نویدِ پاکستان

لاہور بہاولنگر

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | گروپ ایڈیٹر: شہباز انجم رانا | مینجنگ ایڈیٹر چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 30 | منگل 11 فروری 2025ء، 12 شعبان المعظم 1446 | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 331

# وفاقی محتسب نے سرگودھا میں شکایات کے فوری حل کا یقین دلایا

## سرگودھا میں وفاقی محتسب نے شہریوں کی شکایات سننے اور حل کرنے کا وعدہ کیا

سرگودہا(رپورٹ ای این آئی) آج ریڈیو پاکستان سرگودہا کے پروگرام شاہین سرگودھا میں انچارج وفاقی محتسب سرگودھا آفس ملک مشتاق احمد اعوان نے خصوصی شرکت کی اور بذریعہ لائیو کالز سامعین کی شکایات کو فوری حل کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے ان کا کہنا تھا کہ وفاقی محتسب سرگودھا آفس کے دروازے ہر خاص و عام کے لیے کھلے ہیں درخواست دہندگان بغیر کسی وکیل اور فیس کے وفاقی محتسب سرگودھا آفس میں درخواست دے سکتے ہیں اور 60دن کے اندر درخواست پر عملدرآمد کرکے فیصلہ کیا جاتا ہے وفاقی محتسب سرگودھا آفس ہر درخواست کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرتا ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ گزشتہ دنوں پوسٹل لائف انشورنس کے خلاف درخواستوں پر عمل کرتے ہوئے معینہ مدت کے اختتام پر انشورنس کلیم کے تحت چیک جاری کروائے گئے۔